Maulana Azad National Urdu University

M.A. Islamic Studies : II Semester Examination, August 2021

Paper : MAIS211CCT : Islamic Law and Islamic Mysticism

پرچہ : فقہ اور تصوف

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. فقہ کے معنی اور مفہوم کے تاریخی تناظر پر گفتگو کیجیے۔
2. عہد نبوی میں فقہ کے ارتقاء پر ایک مضمون لکھیے۔
3. فقہ و اجتہاد کے حوالے سے قرآن اور سنت کے مصادر کی کیا نوعیت ہے؟ بیان کیجیے۔
4. فقہ مالکی کی امتیازی خصوصیات کیا ہیں؟ تفصیل سے وضاحت کیجیے۔
5. فقہ اہل حدیث کو آپ کس نظر سے دیکھتے ہیں؟ دلائل سے واضح کیجیے۔
6. تزکیہ واحسان اور زہد کے ساتھ تصوف کا کیا تعلق ہے؟ تفصیلی روشنی ڈالیے۔
7. تصوف کی فنی تشکیل کیسے ہوئی؟ ارتقاء کے حوالے سے گفتگو کیجیے۔
8. سلسلہ چشتیہ اور سلسلہ سہروردیہ کا تقابلی مطالعہ پیش کیجیے۔
9. سلاسل تصوف کی تشکیل کس دور میں اور کس پس منظر میں ہوئی؟ تفصیلی گفتگو کیجیے۔
10. عوارف المعارف کے مضامین اور کتاب کی اہمیت پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

حصہ دوم

11. تصوف کے بارے میں اہل علم کے کیا تصورات ہیں؟ ان کا علمی محاکمہ کیجیے۔
12. فقہی مسالک کی تشکیل کیوں ہوئی؟ اور موجوہ دور میں ان کا رول کیسا رہا؟ جائزہ لیجیے۔
13. بدلتے حالات میں فقہ اسلامی نے کیا کردار ادا کیا؟ مثالوں اور حوالوں کے ساتھ روشنی ڈالیے۔
14. موجودہ وقت میں اجماع کا عملی استعمال کس طرح ہوسکتا ہے؟ اجماع کی تعریف کی روشنی میں تطبیقی شکل پیش کیجیے۔
15. رسالہ قشیریہ اور کشف المحجوب کے خصوصی حوالے سے تصوف کی کتابوں پر بحث کیجیے۔

☆☆☆